جولائی 2022	B.Ed Regular (ریگولر) بی۔ایڈ	II Semester دوسرا سمسٹر

پرچہ : سماجی مطالعہ کی تدریس - II

Paper : B9ED203DST : Pedagogy of Social Studies - II

گھنٹے **3 Hrs** : وقت : Time — Maximum. Marks **70** : جملہ نشانات

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

i. حق تعلیم کا ایکٹ (Right to Education Act) 2009 کا تعلق ہے۔

(A) پرائمری تعلیم (Primary Education) (B) ابتدائی تعلیم (Elementary Education)

(C) ثانوی تعلیم (Secondary Education) (D) اعلیٰ ثانوی تعلیم (Higher Secondary Education)

ii. ’’دنیا کے محنت کش متحد ہو جائیں‘‘ (Workers of the world unite) نعرہ کس انقلاب سے منسلک ہے؟

(A) فرانسیسی انقلاب (B) روسی انقلاب (C) امریکی انقلاب (D) جاپانی انقلاب

iii. خط عرض البلد (Latitude) جو ہندوستان کے سب سے زیادہ ریاستوں سے ہو کر گزرتی ہے۔

(A) 20 ڈگری شمال (B) 22 ڈگری شمال (C) 24 ڈگری شمال (D) 26 ڈگری شمال

iv. ہندوستانی آئین میں بنیادی فرائض کو کب شامل کیا گیا؟

(A) 1947 (B) 1950 (C) 1976 (D) 1978

v. مندرجہ ذیل میں سے کس کو بابائے معاشیات کہا جاتا ہے؟

(A) ایڈم اسمتھ (B) ڈیوڈ ریکارڈو (C) امرتیہ سین (D) الفریڈ مارشل

vi. مندرجہ ذیل میں سے کس نصابی نقطہ نظر (Curriculum Approach) کا تعلق ترقی پسند فلسفہ اور طلبا مرکوز تحریک سے ہے؟

(A) موضوعی طرز رسائی (Topical Approach)

(B) انصرامی طرز رسائی (Management Approach)

(C) ہم مرکز طرز رسائی (Concentric Approach)

(D) انسانیت پسند طرز رسائی (Humanistic Approach)

P.T.O.

vii. طلبا کو خود مطالعہ (Self Study) کے لیے سب سے موزوں کتاب کی قسم ہے۔

(A) ورک بک (Work Book) (B) دستی کتاب (Hand Book)

(C) حوالہ جاتی کتاب (Reference Book) (D) ان میں سے کوئی نہیں

viii. جغرافیہ کے کس موضوع کی تدریس میں گلوب (Globe) کے مقابلے نقشہ زیادہ معقول ہے؟

(A) زمین کی بناوٹ (B) سمت (C) عرض البلد وطول البلد (D) ان میں سے سبھی

ix. تعین قدر جو فطرتاً نشو نمائی (Developmental in Nature) ہے۔

(A) تشکیلی (Formative) (B) مجموعی (Summative)

(C) خارجی (External) (D) ان میں سے کوئی نہیں

x. ویڈیو (Video) کس قسم کا معاون آلہ ہے؟

(A) سمعی (B) بصری (C) سمعی وبصری (D) ان میں سے کوئی نہیں

حصہ دوم

2. سرمایہ دارانہ نظام (Capitalism) سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اسکے مثبت اور منفی اثرات بیان کیجیے۔

3. محوری گردش و مداری گردش کے درمیان فرق واضح کیجیے۔

4. علم معاشیات کی نوعیت (Nature) اور وسعت (Scope) کو واضح کیجیے۔

5. نصاب کی ہم مرکز طرز رسائی (Concentric Approach) کیا ہے؟ اسکی افادیت درج کیجیے۔

6. دستور ہند میں درج بنیادی فرائض (Fundamental Duties) پر روشنی ڈالیے۔

7. ماڈل کے مختلف اقسام پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

8. معیاری ومقداری تعین قدر کے درمیان فرق واضح کیجیے۔

9. موجودہ حالات میں سماجی مطالعہ میں مسلسل اور جامعہ تعین قدر (Continious & Comprehensive Evaluation) کو درپیش مسائل کا جائزہ لیجیے۔

حصہ سوم

10. علم موسمیات (Climatology) کی تعریف بیان کیجئے۔ کرہ زمین پر پائے جانے والے موسم (Climates) کو کتنے اقسام میں بانٹا گیا ہے؟ تفصیلی جائزہ لیجیے۔

11. کوئی دو تدریسی حکمت عملیاں (Teaching Strategies) جو علم سیاسیات وعلم معاشیات کی تدریس میں بالخصوص معقول ومعاون ہوں، کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

12. درسی کتاب کے اوصاف (Characteristics of Text Book) کی روشنی میں سماجی مطالعہ کے کسی بھی درسی کتاب کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

13. سماجی مطالعہ کے درس وتدریس میں معاون تدریسی واکتسابی اشیاء (Teaching Learning Materials) کی فہرست بنائیں۔
کنہی دو جن کو موجودہ سماجی علوم کی درس وتدریس میں آپ سب سے معقول پاتے ہیں۔ وضاحت کیجیے۔

14. تعین قدر کے معنی، مقاصد ومختلف اقسام کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

☆☆☆